محدث فتوی

سوال

(553)ذکر کرنے کا ایک غلط انداز

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ذکر کا یہ طریقہ بھی دین میں سے ہے جس پر مصر اور اس کے دیہاتی علاقوں میں بعض لوگ عمل کرتے ہیں یعنی وہ کھڑے ہو جاتے ہیں اور دائیں بائیں جھومتے ہوئے لفظ ''اللہ'' کا ذکر کرتے ہیں ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہماری معلومات کے مطابق اسلام میں اس عمل کی کوئی اصل نہیں ۔ بلکہ یہ بدعت ہے جو شریعت اسلامی کے خلاف ہے ، لہٰذا اس پر عمل کرنے والوں کو اس سے روکنا ضروری ہے ۔ خصوصا جب کہ ہمیں منع کرنے کی طاقت حاصل ہو۔ نبی ﷺ نے فرمایا :

((مَنۡ اَحۡدَثَ فِیۡ اَمۡرِنَا ہٰذَا مَا لَیۡسَ مِنۡہُ فَہُوَ رَدٌّ))

''جس نے ہمارے دین میں وہ چیز ایجاد کی جو اس میں سے نہیں تو وہ ناقابل قبول ہے ۔''

یہ حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت عائشہؓ سے مروی ہے ۔ اس مفہوم کی اور بھی احادیث موجود ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دار السلام

ج1

محدث فتویٰ